**07.03.2025**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
Music

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے دمن، دیو اور دادرنگر حویلی میں دو ہزار 587 کروڑ روپے کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ وزیر اعظم نے ہر کنبے کو مناسب تغذیہ فراہم کرنے کیلئے سرکار کے عہد پر زور دیا تاکہ ملک کو خون کی کمی اور تغذیے کی کمی سے نجات دلایا جاسکے۔

☆ وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ بھارت اور امریکہ کثیر شعبہ جاتی تجارتی سمجھوتے پر بات چیت میں پیش قدمی کر رہے ہیں۔

☆ ریلوے نے اسٹیشنوں پر مسافروں کے تحفظ کو بہتر کرنے کیلئے بھیڑ کو کنٹرول کرنے سے متعلق کئی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔

☆ شام میں سکیورٹی فورسز اور بشارالاسد کے حامیوں کے درمیان پُرتشدد جھڑپوں میں 70 سے زیادہ لوگ مارے گئے ہیں۔

☆ اور کھیلوں میں، بھارتی گرانڈ ماسٹر Aravindh Chithambaram نے Prague Masters-2025 شطرنج کا خطاب جیت لیا۔

☆ بھارتی خواتین ٹیم تہران میں ایشیائی کبڈی چمپین شپ کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Rev. PM Gujarat Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج دمن، دیو اور دادرنگر حویلی کے Silvasa میں دو ہزار 587 کروڑ روپے کے مختلف پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور قوم کے نام وقف کیا۔ ان میں گاؤں کے کئی سڑک اور دوسرے سڑک بنیادی ڈھانچے، اسکول، صحت اور تندرستی کے مراکز، پنچایت اور انتظامیہ کی عمارتیں، آنگن واڑی مراکز اور پانی کی سپلائی اور سیوریج بنیادی ڈھانچے سمیت کئی اور پروجیکٹ شامل ہیں۔ انھوں نے Silvasa میں ساڑھے چار سو بستروں والے نمو اسپتال اور ریسرچ سینٹر کے پہلے مرحلے کا آغاز کیا۔Silvasa میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے دادر اور نگر حویلی، دیو اور دمن کے مرکز کے زیر انتظام کو ملک کی وراثت قرار دیا اور مرکز کے زیر انتظام

علاقے کوجامع شمولیت والی ترقی کے ذریعے ایک ماڈل ریاست میں تبدیل کرنے کی اپنی سرکار کی کوششوں کو اجاگر کیا۔

S/B 2100 PM Allround Development

وزیر اعظم نے کہا کہ ریل اور سڑک نیٹ ورک کی ترقی سے سیاحت کو زبردست استحکام حاصل ہوا ہے۔ خطے میں جاری کئی سیاحتی پروجیکٹوں کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقہ ملک میں ایک مقبول سیاحتی مقام کے طور پر ابھرا ہے۔انھوں نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کا وژن ایک صحتمند بھارت سے ہی پورا کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ان کی سرکار عام آدمی کی ضرورتوں کے تئیں نہایت ہی حساس ہے۔

S/B 2100 PM on Janaushadhi

بعد میں شام کے وقت وزیر اعظم نے گجرات کے سورت میں سورت ضلع فوڈ سکیورٹی سیچوریشن مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے ملک میں ہر کنبے کو مناسب غذا فراہم کرنے کیلئے سرکار کے عہد پر زور دیا، جس کا مقصد ملک کو خون کی کمی اور تغذیے کی کمی سے نجات دلانا ہے۔غریبوں کی فلاح وبہبود کے تئیں اپنے عہد کا اظہار کرتے ہوئے انھوں نے سرکار کے ذریعے دیئے گئے مختلف اقدامات کو اجاگر کیا، جن میں پی ایم غریب کلیان اَنّ یوجنا، سرکاری بیمہ اسکیم اور 'ایک ملک ایک راشن کارڈ' شامل ہیں، جن کی وجہ سے حاشیے پر رہنے والے لوگوں کو زبردست فائدہ پہنچا ہے۔

S/B 2100 PM Garib Kalyan Yojana Surat

مہم کے ایک حصے کے طور پر وزیر اعظم نے قومی فوڈ سکیورٹی قانون کے تحت سورت میں دو لاکھ 30 ہزار سے زیادہ مستفیدین کو فوائد تقسیم کئے۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل بھی تقریب میں موجود تھے۔x

## PM Mauritius Visit

وزیر اعظم نریندر مودی 11 مارچ سے ماریشس کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیراعظم 12 مارچ کو ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران، وزیر اعظم اپنے ہم منصب سے ملاقات کریں گے اور ماریشس کے صدر سے بھی ملیں گے۔x

## Rev. MEA Briefing

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ ایک کثیر شعبہ جاتی باہمی تجارتی سمجھوتے پر بات چیت کے عمل میں مصروف ہیں۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ پچھلے مہینے وزیر اعظم نریندر مودی کے امریکہ دورے کے دوران دونوں ملکوں نے باہمی طور پر سودمند ایک کثیر شعبہ جاتی باہمی تجارتی سمجھوتے پر بات چیت کے منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ جناب جیسوال نے کہا کہ کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل امریکہ میں تھے اور انھوں نے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کی ہے۔

S/B 2100 MEA On BTA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےٴ شنکر کے برطانیہ دورے کے دوران ہوئی سکیورٹی چوک پر رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت نے برطانوی حکام کے ساتھ اپنے گہرے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

S/B 2100 Randhir on Jaishankar

بنگلہ دیش کے حالات پر ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ بھارت ایک مستحکم، پُرامن، شمولیت والے اور ترقی پسند بنگلہ دیش کی حمایت کرتا ہے جہاں تمام معاملات جمہوری طریقوں سے سلجھائے جاتے ہیں اور جامع اور سب کی شرکت والے انتخابات کرائے جائیں۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت نے بار بار اِس بات پر زور دیا ہے کہ ہندوؤں اور دوسرے اقلیتوں کے ساتھ ساتھ ان کی املاک اور مذہبی مقامات کے تحفظ کی ذمے داری بنگلہ دیش کی عبوری سرکار پر ہے۔انھوں نے کہا کہ بھارت بنگلہ دیش سے امید کرتا ہے کہ وہ جامع طریقے سے تفتیش کرے اور کسی بھی بھید بھاوٴ کے ہلاکت، لوٹ پاٹ اور تشدد کے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہور رانا کی حوالگی کے معاملے پر ترجمان نے کہا کہ بھارت امریکی سرکار کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ بھارت کو اُس کی حوالگی کیلئے تمام ضروری کارروائیاں مکمل کی جاسکیں۔x

## Jaishankar Ireland Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےٴ شنکر نے کہا ہے کہ آج بھارت کا یوروپ کے ساتھ بڑھتے ہوئے روابط ہیں اور انھوں نے بھارتی معیشت کی ترقی کو اجاگر کیا۔ آج آئرلینڈ کے یونیورسٹی کالج Dublin میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب جےٴ شنکر نے یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen کا 21 کمشنروں کے ساتھ بھارت کے حالیہ دورے کا ذکر کیا۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اور یوروپی یونین تقریباً 23 سال سے ایک آزاد تجارتی سمجھوتے پر بات چیت کر رہے ہیں اور امید ظاہر کی کہ یہ اِس سال کے آخر تک مکمل کرلیا جائے گا۔x

## Defence T72 Tanks

وزارتِ دفاع نے T-72 ٹینکوں کیلئے ایک ہزار HP انجنوں کی خریداری کیلئے روس کی کمپنی Rosoboronexport کے ساتھ 248 ملین امریکی ڈالر کے ایک سمجھوتے پر دستخط کیا ہے۔ وزارتِ دفاع کے مطابق اِس سمجھوتے میں روس کی کمپنی سےArmoured Vehicles نگم لمیٹڈ کو ٹیکنالوجی کا ٹرانسفر بھی شامل ہے تاکہ دفاع کے شعبے میں 'میک اِن انڈیا' مہم کو مستحکم کرنے کیلئے انجنوں کی مربوط اور لائسنس شدہ پروڈکشن کی جاسکے۔ T-72 ٹینک بھارتی فوج کے بیڑے کا اہم ٹینک ہے جو فی الحال 780 ایچ پی انجن پر کام کر رہا ہے۔ T-72 ٹینک کے موجودہ بیڑے کو ایک ہزار ایچ پی انجنوں سے مربوط کرنے سے بھارتی فوج کی کارروائی جاتی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

## Aswani railways

ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کو بہتر سیفٹی فراہم کرانے کے ایک نمایاں اقدام کے طور پر ریلوے کی وزارت نے بھیڑ بھاڑ کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے متعدد اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ریلویز نے 60 اسٹیشنوں کے باہر مستقل

waiting ایریاز قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انتظار کیلئے بنائی گئی ان مخصوص جگہوں سے اس بات کو یقینی بنایا جاسکے گا کہ مسافر اسی وقت پلیٹ فارم پر داخل ہوں جب ان کی ٹرین آجائے۔نئی دلّی، آنند وہار، وارانسی، ایودھیا اور پٹنہ اسٹیشنوں پر ان پائلٹ پروجیکٹس کی شروعات ہوچکی ہے۔ اس کے علاوہ مصدقہ ریزروٹکٹ رکھنے والے مسافروں کو ہی پلیٹ فارمز پر آنے کی اجازت ہوگی۔ ویٹنگ لسٹ یا ٹکٹ نہ ہونے کی صورت میں مسافروں کو waiting ایریا میں انتظار کرنا ہوگا۔بھیڑ کو روکنے کیلئے سبھی غیر مجاز انٹری پوئنٹس کو seal کر دیا جائے گا۔پلیٹ فارمز پر مسافروں کی آمد و رفت کو بہتر بنانے کیلئے ان اسٹیشنوں پر جدید foot over Bridge نصب کئے جائیں گے۔ اسٹیشنوں کے اندر اور ان کے اطراف بڑی تعداد میں کیمرے نصب کئے جائیں گے تاکہ بھیڑ کے مسئلے سے بہتر طریقے سے نمٹا جاسکے۔

مہاکمبھ میلے دوران یہ ٹیکنالوجی بھیڑ بھاڑ کے مسئلے سے نمٹنے میں بہت کارگر ثابت ہوئی تھی۔ بڑے اسٹیشنوں پر war rooms کا انتظام ہوگا، جہاں بھیڑ ہونے یا دیگر ہنگامی صورتحال کے دوران ریلوے کے مختلف محکموں کے افسران باہمی تال میل سے کارروائی انجام دیں گے۔ x

## Prez Women's Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بین الاقوامی یومِ خواتین کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بین الاقوامی یومِ خواتین، خواتین کی طاقت کی حصولیابیوں اور ملک اور سماج میں ان کی منفرد خدمات کا اعتراف و عزت افزائی کرنے کا دن ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ خواتین، کنبے، سماج اور قوم کی بنیاد ہیں اور انھوں نے مشکلات و چیلنجوں کا سامنا کرنے کے باوجود متنوع شعبوں میں اپنی شناخت قائم کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ صدر جمہوریہ نے سبھی سے اپیل کی کہ وہ ایک ایسے سماج کی تشکیل کیلئے عہد کریں، جہاں ہر عورت خود کو محفوظ محسوس کرے اور اسے آگے بڑھنے کیلئے مساوی مواقع فراہم ہوں۔صدر جمہوریہ نے سبھی کامیاب خواتین کو مبارکباد دی اور ان کے روشن مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ x

## Akashwani Women's Day

آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گور نے اپنے 9 دہائیوں پر مشتمل سفر میں کنڑ زبان و ثقافت کے فروغ میں میسورو آکاشوانی کے اہم رول کی ستائش کی ہے۔ محترمہ پالی وال گور، Nudi Nada Sangama پروگرام کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں، جس کا اہتمام آکاشوانی میسورو نے آج کیا تھا۔

## CERT Handbook

بین الاقوامی یومِ خواتین کے موقع پر الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت کے تحت کمپیوٹر ایمرجنسی Response ٹیم (CERT-In) نے مہیلا سرکشا کیلئے سائبر سیکیورٹی سے متعلق ایک کتابچہ جاری کیا ہے۔ اس مربوط کتابچے کا مقصد سائبر سے متعلق محفوظ لازمی طور طریقوں کی مدد سے ملک بھر میں خواتین کو با اختیار بنانا ہے۔ اس کتابچے میں آج کی ڈیجیٹل دنیا میں خواتین خود کو آن لائن کیسے محفوظ رکھ سکتی ہیں، اس سے متعلق بہترین طور طریقوں کی جانکاری فراہم کرتا ہے۔ x

## Akashwani DG Inaugurates

آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گور نے اپنے 9 دہائیوں پر مشتمل سفر میں کنڑ زبان و ثقافت کے فروغ میں میسورو آکاشوانی کے اہم رول کی ستائش کی ہے۔ محترمہ پالی وال گور، Nudi Nada Sangama پروگرام کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں، جس کا اہتمام آکاشوانی میسورو نے آج کیا تھا۔ x

## Syria Violence

شام میں ساحلی ریاست لتاکیہ میں آج شامی سکیورٹی فورسز اور معزول حکمراں بشارالاسد کے حامی بندوق برداروں کے درمیان پُرتشدد جھڑپوں میں 16 سکیورٹی اہلکار سمیت 70 سے زیادہ لوگ مارے گئے ہیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ لتاکیہ ریاست کے Jableh شہر میں یہ تشدد اُس وقت ہوا جب سکیورٹی فورسز نے اسد کے اُن حامیوں کو پست کرنے کیلئے کارروائیاں شروع کیں جو پہاڑی ساحلی علاقوں میں پھر سے جمع ہوگئے تھے۔x

## Fragu Chess 2025

بھارتی گرانڈ ماسٹر Aravindh Chithambaram نے Prague Masters-2025 شطرنج کا خطاب جیت لیا۔ فائنل راؤنڈ میں ترکیے کے Ediz Gurel کے خلاف ڈرا کے بعد6 پوائنٹ حاصل کیے۔ ڈرا کے باوجود Chithambaram کا خطاب جیتنا طے تھا کیونکہ نیدرلینڈ کے گرانڈ ماسٹر Anish Giri نے آخری مرحلے میں بھارت کے آر پرگ نندھا کو شکست دی تھی۔ x

## Asian Women Kabaddi

خواتین کے چھٹے ایشین کبڈی چمپئن شپ میں بھارت نے نیپال کو ہرا کر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ یہ میچ تہران میں کھیلا گیا۔ بھارتی خواتین ٹیم پہلے سیمی فائنل مقابلے میں، آج شام کھیلے گئے میچ میں نیپال کو چھپن- اٹھارہ سے شکست دی۔ کل بھارت اب اپنا فائنل مقابلہ ایران سے کھیلے گا۔دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں ایران نے بنگلہ دیش کو اکتالیس- اٹھارہ سے شکست دے دی۔ بھارتی خواتین ٹیم، دفاعی چمپئن ہے جس نے گزشتہ ایڈیشن میں جمہوریہ کوریا کو فائنل میں شکست دی تھی۔ یہ میچ ایران کے گورگان میں منعقد ہوا تھا۔ x

## Badminton Orleans Masters

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی ایوش شیٹی Orleans ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں مردوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے آج شام فرانس کے شہر Orleans میں کوارٹر فائنل میچ میں ڈنمارک کے Rasmus Gemke کو اکیس-سولہ، اکیس-تیئیس، اکیس-سترہ سے شکست دی۔ x

☆☆☆☆☆☆